درسِ رمضان المبارک:04

پیشکش

علامہ ابوالنّور راشد علی عطاری مدنی

پیشکش: ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ، انٹرنیشنل

کتاب پڑھنے کی دُعا

دینی کتاب یا اسلامی سبق پڑھنے سے پہلے ذیل میں دی ہوئی دُعا پڑھ لیجئے اِنْ شَآءَاللہ عَزَّوَجَلَّ جو کچھ پڑھیں گے یاد رہے گا۔ دُعا یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ افْتَحْ عَلَيْنَا حِكْمَتَكَ وَانْشُرْ عَلَيْنَا رَحْمَتَكَ يَا ذَاالْجَلَالِ وَالْاِكْرَام

نام کتاب : خلاصہ پارہ چہارم مع درسِ حدیث

مرتب : علامہ ابوالنّور راشد علی عطاری مدنی

صفحات : 18

اشاعت اوّل: مارچ 2025ء (ویب ایڈیشن)

پیشکش : ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ، انٹرنیشنل

اس فائل میں پہلے پارہ میں پائے جانے والے احکامِ الٰہیہ میں سے اوامر اورنواھی منتخب کرکے شامل کیے گئے ہیں۔

یہ خلاصہ قرآن ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ انٹر نیشنل کے کورس "فہم و تدبر قرآن پریکٹیکل کورس" کے شرکاء نے تیار کیا ہے۔ جس کی ٹریننگ کورس میں دی گئی الحمدللہ

خلاصہ مرتب کرنے والے:

مولانا نعمان بابر، مولانا عبید اللہ سید، مولانا سید فہد حسین، مولانا سید سرفراز، مولانا ذیشان اختر، عالمہ غزالہ، مولانا ناصر اقبال رضوی

خلاصہ قرآن کے بعد شیخ طریقت امیر اہل سنت علامہ الیاس قادری دامت برکاتہم العالیہ کی دواربعینات میں سے ایک ایک حدیث پاک شامل ہے۔ ان کا درس آپ بعدِ عصر یا فجر میں اپنی سہولت سے دے سکتے ہیں

ہماری فائل پر عمل کریں گے تو ان شاء اللہ اختتام رمضان پر مکمل قرآن پاک کا مختصر خلاصہ اور60 احادیث کا درس مکمل ہو گا۔ ان شاء اللہ

خلاصہ پارہ چہارم

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْم

الصلوة والسلام عليك يارسو ل الله

اللہ کا قرب و محبت چاہتے ہو تو اپنی محبوب ترین اشیاء اس کی راہ میں خرچ کرو۔(اٰل عمران:92)

اللہ والوں کی طرف جھوٹی باتیں منسوب مت کرو جیسے یہود نے کیا۔(اٰل عمران:93)

اگر تم حج کی استطاعت رکھتے ہو تو حج کرو۔(اٰل عمران:97)

اے اہلِ ایمان: کفار، یہود و نصاریٰ کی پیروی مت کرو، وگرنہ وہ تمہیں ایمان سے دور کردیں گے۔(اٰل عمران:100)

تعلق باللہ کو استوار کرو۔(اٰل عمران:101)

اے ایمان والو! اللہ سے ڈرو کہ جیساڈرنے کا حق ہے۔(اٰل عمران:102)

اللہ کی رسی (قرآن و سنت) کو مضبوطی سے تھامے رکھو۔(اٰل عمران:103)

تفرقہ بازی سے اجتناب کرو۔(اٰل عمران:103)

اللہ کے احسانات کا چرچا کرو۔(اٰل عمران:103)

اپنے میں ایک گروہ ایسا ضرور رکھو جو نیکی کی دعوت دے اور برائی سے روکے۔(اٰل عمران:104)

فساد و اختلاف ڈالنے والوں جیسے مت بنو۔(اٰل عمران:105)

بھلائی کا حکم دیتے رہو اور برائی سے روکتے رہو۔(اٰل عمران:110)

نیک کاموں میں جلدی کرو(پارہ4، آل عمران،114)

ایمان کے بغیر کوئی عمل قبول نہیں، کفر کر کے اپنی جانوں پر ظلم نہ کرو (پارہ4، آل عمران،117)

اے ایمان والو! غیر مسلموں کو اپنا رازدار نہ بناؤ(پارہ4، آل عمران، 118)

اللہ پر بھروسہ رکھو(پارہ4، آل عمران،122)

اللہ سے ڈرو اور اس کا شکر ادا کرتے رہو۔(پارہ4، آل عمران،123)

اے ایمان والو! سود مت کھاؤ(پارہ4، آل عمران،130)

جہنم کی آگ سے بچو(اٰل عمران:131)

اور اللہ ورسول کے فرمان بردار رہو اس اُمید پر کہ تم رحم کیے جاؤ(اٰل عمران:132)

اور اپنے رب کی بخشش اور ایسی جنت کی طرف دوڑو، جس کی چوڑان میں سب آسمان وزمین آجائیں، پرہیزگاروں کے لیے تیار رکھی ہے (اٰل عمران:133)

تنگی وخوشحالی ہر حال میں راہِ خدا میں خرچ کرو۔(اٰل عمران:134)

بے حیائی سے بچو اور اپنی جانوں پر ظلم نہ کرو۔(اٰل عمران:135)

اپنے کیے پر ہٹ دھرمی اختیار نہ کرو۔(اٰل عمران:135)

زمین میں چل کر دیکھو کیسا انجام ہوا جھٹلانے والوں کا۔(اٰل عمران:137)

اور نہ سستی کرو اور نہ غم کھاؤ، تمہیں غالب آؤ گے اگر ایمان رکھتے ہو۔(اٰل عمران:139)

تکلیف پر صبر کرو اور ثابت قدم رہو۔(اٰل عمران:140)

اللہ اور اسکے رسولوں سے بغاوت نہ کرو۔(اٰل عمران:144)

اللہ کی راہ میں مصیبتیں دیکھ کر سست نہ پڑو(اٰل عمران:146)

کافروں پر غلبہ پانے کی دعا کرتے رہو۔(اٰل عمران:147)

اٰل عمران،149 تا165۔سید سرفراز

مومنوں صرف اور صرف اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کا کہنا مانو۔(پارہ4سورۃ آل عمران آیت نمبر:149).

مومنو کافر تمہیں الٹے پاؤ پھیر دیں گے انکا کہنہ نہ مانو۔(پارہ4سورۃ آل عمران آیت نمبر:149).

کافرون سے مدد نہ لو۔(پارہ4سورۃ آل عمران آیت نمبر:150)

خدا کافضل حاصل کرو۔(پارہ4سورۃ آل عمران آیت نمبر:152)

اللہ تعالیٰ سے سچا وعدہ کرو۔(پارہ4سورۃ آل عمران آیت نمبر:152)

پیغمبر کا حکم مانو۔(پارہ4سورۃ آل عمران آیت نمبر:152)

اللہ کی آزمائشوں میں صبر کرو۔(پارہ 4سورۃ آل عمران آیت نمبر:152)

ہمت نہ ہارو۔(پارہ4سورۃ آل عمران آیت نمبر:152)

پیغمبر کے حکم سے منہ نہ موڑو۔(پارہ 4سورۃ آل عمران آیت نمبر:152)

دنیا کے خواستگار نہ بنو۔(پارہ4سورۃ آل عمران آیت نمبر:152)

صرف اور صرف آخرت کے طلب گار بنو۔(پارہ4سورۃ آل عمران آیت نمبر:152)

رسول اللہ ﷺ کے بلانے پر جلدی آیا کرو۔(پارہ4سورۃ آل عمران آیت نمبر:153)

سب باتیں خدا کے اختیار میں ہیں اس کو تسلیم کرو۔(پارہ4سورۃ آل عمران آیت نمبر:154)

اپنے دلوں کو خالص اور صاف پاک رکھو۔(پارہ4سورۃ آل عمران آیت نمبر:154)

مومنوں اور کافروں کو الگ الگ دو جماعتیں تسلیم کرو۔(پارہ4سورۃ آل عمران آیت نمبر:155)

بزدل نہ بنو۔(پارہ4سورۃ آل عمران آیت نمبر:155)

بے رحم نہ بنو۔(پارہ4سورۃ آل عمران آیت نمبر:155)

خدا کی راہ میں سفر کرو۔(پارہ4سورۃ آل عمران آیت نمبر:156)

جہاد کرو۔(پارہ4سورۃ آل عمران آیت نمبر:156)

خدا کے لئے مر واور جیئو۔(پارہ4سورۃ آل عمران آیت نمبر:156)

کافروں سے مشابہت نہ کرو۔ (پارہ 4سورۃ آل عمران آیت نمبر:156)

اپنامزاج نرم کرلو۔(پارہ4سورۃ آل عمران آیت نمبر:159)

لوگوں کو معاف کرو۔(پارہ4سورۃ آل عمران آیت نمبر:159)

اپنے کاموں میں کسی نیک بندے سے مشورہ لیا کرو۔(پارہ4سورۃ آل عمران آیت نمبر:159)

بدخو اور سخت دل نہ بنو۔(پارہ4سورۃ آل عمران آیت نمبر:159)

خدا پرہی بھروسا رکھو۔(پارہ4سورۃ آل عمران آیت نمبر:160)

خدا سے مدد مانگو۔(پارہ4سورۃ آل عمران آیت نمبر:160)

اللہ کی ناراضگی سے بچو۔(پارہ4سورۃ آل عمران آیت نمبر:160)

خیانت نہ کرو۔(پارہ4سورۃ آل عمران آیت نمبر:161)

ناانصافی نہ کرو۔(پارہ4سورۃ آل عمران آیت نمبر:161)

خدا کی خوشنودی حاصل کرو۔(پارہ 4سورۃ آل عمران آیت نمبر:162)

اللہ تعالیٰ کی ناراضگی سے بچو۔(پارہ 4 سورۃ آل عمران آیت نمبر:162)

مصیبت میں نہ چلاؤ۔(پارہ4سورۃ آل عمران آیت نمبر:165)

راہ حق میں مصیبت کو حکم خدا جانو۔(پارہ 4 سورہ آل عمران آیت نمبر166)

موت کو وقت مقرر پر اٹل جانو۔(پارہ4سورہ آل عمران آیت168)

اور جو اللہ کی راہ میں مارے گئے ہر گز انہیں مردہ نہ خیال کرنا بلکہ وہ اپنے رب کے پاس زندہ ہیں روزی پاتے ہیں۔(پارہ4سورہ آل عمران آیت 169)

حصول نعمت پر خوشیاں مناؤ۔(پارہ4سورہ آل عمران آیت 171)

اللہ عزوجل و رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے بلانے پر حاضر ہو۔(پارہ4سورہ آل عمران آیت172)

اللہ تعالیٰ کے پسندیدہ راستے پر چلو۔(پارہ 4 سورہ آل عمران آیت 174)

اور اے محبوب تم ان کا کچھ غم نہ کرو جو کفر پر دوڑتے ہیں وہ اللہ کا کچھ

نہ بگاڑیں گے اللہ چاہتا ہے کہ آخرت میں ان کا کوئی حصہ نہ رکھے اور ان کے لئے بڑا عذاب ہے۔(پارہ4سورہ آل عمران آیت176)

اور جو بخل کرتے ہیں اس چیز میں جو اللہ نے انہیں اپنے فضل سے دی ہر گز اسے اپنے لئے اچھا نہ سمجھیں بلکہ وہ ان کے لئے برا ہے عنقریب وہ جس میں بخل کیا قیامت کے دن ان کے گلے کا طوق ہو گا اور اللہ ہی وارث ہے آسمانوں اور زمین کا اور اللہ تمہارے کاموں سے خبر دار ہے۔(پارہ 4 سورہ آل عمران آیت180)

اللہ تعالیٰ کے لئے عدل وانصاف کا عقیدہ رکھو۔(پارہ 4 سورہ آل عمران آیت182)

خود پسندی اور حب جاہ سے بچو(پارہ4سورہ آل عمران آیت188)

اے سننے والے کافروں کا شہروں میں اہلے گہلے پھرنا ہر گز تجھے دھوکا نہ دے۔ تھوڑا برتنا ہے پھر ان کا ٹھکانا دوزخ ہے اور کیا ہی برا ((اٰل عمران:196)

کفار کے دنیاوی مال سے واسباب سے دھوکہ نہ کھاؤ(اٰل عمران:198)

اسلامی سرحدوں کی حفاظت کرو۔(اٰل عمران:200)

اللہ پاک سے ڈرتے رہو پارہ4 سورہ آلعمران آیت200

اے لوگو اپنے رب سے ڈرو۔(پارہ نمبر4)سورۃ النساء آیت نمبر1.

یتیموں کو ان کے مال دے دو اس میں گڑبڑ نہ کرو۔(پارہ نمبر4)سورۃ النساء آیت نمبر2.

اگر انصاف کر سکتے ہو تو چار بیویاں رکھنے کی اجازت ہے۔(پارہ نمبر4) سورۃ النساء آیت نمبر3

عورتوں کو ان کے حق مہر خوشی سے دیا کرو۔(پارہ نمبر4) سورۃ النساء آیت نمبر4

نا سمجھو کو مال نہ دو بلکہ خود ان کے کھانے پینے کا بندوبست کرو۔(پارہ نمبر4)سورۃ النساء آیت5.

یتیم جب سمجھدار ہو جائے تو ان کا نکاح کرو اور گواہوں کی موجودگی میں ان کا مال واپس کردو۔(پارہ نمبر4)سورۃ النساء آیت نمبر6.

اللہ تعالی کے حکم کے مطابق وراثت کی تقسیم کرو۔(پارہ نمبر4)سورۃ النساء آیت نمبر11تا12.

ایمان والو زبردستی عورتوں کے وارث نہ بنو۔(پارہ نمبر 4)سورۃ النساء آیت نمبر19 .

اگر تم عورتوں کو طلاق دو تو حق مہر واپس نہ لو۔(پارہ نمبر 4)سورۃ النساء آیت نمبر20.

باپ دادا کی منکوحہ سے نکاح نہ کرو۔ (پارہ نمبر 4) سورۃ النساء آیت نمبر22.

محرم عورتوں سے نکاح نہ کرو۔(پارہ نمبر 4)سورۃ النساء آیت نمبر23.

درسِ حدیث نبوی ﷺ

خیرات نہ کرسکنے والے کا دُرود شریف

اَیُّمَا رَجُلٍ مُّسْلِمٍ لَمْ یَکُنْ عِنْدَہٗ صَدَقَۃٌ فَلْیَقُلْ فِی دُعَائِہٖ: اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ وَ رَسُوْلِکَ وَصَلِّ عَلَی الْمُؤْمِنِینَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ فَإِنَّھَا زَکَاۃٌ وَقَالَ: لَایَشْبَعُ الْمُؤْمِنُ خَیْرًا حَتّٰی یَکُونَ مُنْتَھَاہُ الْجَنَّۃُ

فرمان آخری نبی صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم: "جس مسلمان کے پاس صدقہ کرنے کو کچھ نہ ہو اُسے چاہئے کہ اپنی دعا میں یہ کہہ لیا کرے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَبْدِکَ وَرَسُوْلِکَوَصَلِّ عَلَی

الْمُؤْمِنِیْنَ وَالْمُؤْمِنَاتِ وَالْمُسْلِمِیْنَ وَالْمُسْلِمَاتِ۔
تو یہ زکوۃ ہے اور مومن کبھی بھلائی سے سیر نہیں ہوتا یہاں تک کہ جنّت اُس کا ٹھکانہ ہوتی ہے۔" (صحیح ابن حبان، 130/2، حدیث: 900)

شَرحِ حدیث: جو شخص صَدَقہ کرنے پر قُدرت نہیں رکھتا اُس کا رسولِ پاک صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم کے لئے اللہ پاک سے رَحمت کی دعا کرنا یعنی درودِ پاک بھیجنا اُس کے لئے صَدَقہ ہے۔ (السراج المنیر بشرح جامع الصغیر، 2/ 232 ماخوذاً)

کامل ایمان کی نشانی

لَا یُؤْمِنُ اَحَدُکُمْ حَتّٰی یُحِبَّ لِاَخِیْهِ مَا یُحِبُّ لِنَفْسِهٖ

(بخاری، 16/1، حدیث: 13)

فرمانِ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ والہ وسلم: "تم میں سے کوئی مومن نہیں ہو سکتا یہاں تک کہ اپنے بھائی کیلئے بھی وہی پسند نہ کرے جو اپنے لئے پسند کرتا ہے۔" شرح حدیث:

اس حدیث میں ایمان سے کامل ایمان مراد ہے،

اس (بات) کو (یہ) لازم ہے کہ (بندہ) جو اپنے لئے ناگوار جانے وہ دوسروں کیلئے بھی ناپسند کرے۔ یعنی آدمی یہ چاہتا ہے کہ ہم آرام، اعزاز کے ساتھ خوش رہیں، کوئی ہماری تذلیل نہ کرے کوئی ہمیں ایذا نہ پہنچائے، اسی طرح یہ بھی چاہیے کہ میرا بھائی اعزاز کے ساتھ خوش رہے، نہ اس کی توہین ہو نہ اس کا حق غصب کیا جائے۔ ہر شخص اگر اس کا عادی ہو جائے تو معاشرہ صاف ستھرا رہے گا اور زندگی چین واطمینان سے گزرے گی۔ ظاہر ہے کہ لڑائی جھگڑے کی بنیاد یہی ہوتی ہے کہ انسان تنگ دلی سے یہ چاہنے لگتا ہے

کہ سب کچھ ہمیں میسر ہو ' دوسرے محروم رہیں۔ اس حدیث میں تَواضُع مَرُوَّت، امداد باہمی ایک دوسرے کے کام آنے اور دوسرے کے ساتھ اچھا سلوک کرنے کی بلیغ ترین ترغیب ہے۔ (نزہۃ القاری، 314/1)

کامل مسلمان

اَلْمُسْلِمُ مَنْ سَلِمَ الْمُسْلِمُونَ مِنْ لِسَانِهٖ وَيَدِهٖ

(بخاری، 16/1، حدیث : 11)

فرمانِ مصطفےٰ صلی اللہ علیہ والہ وسلم : مسلمان وہ ہے جس کی زبان اور ہاتھ سے دوسرے مسلمان محفوظ رہیں۔

شرح حدیث: کامل مسلمان وہ ہے جو لُغَۃً شرعاً ہر طرح مسلمان ہو (اور) مومن وہ ہے جو کسی مسلمان کی غیبت نہ کرے، گالی، طعنہ، چغلی وغیرہ نہ کرے، کسی کو نہ مارے پیٹے، نہ اس کے خلاف کچھ تحریر کرے۔ یہ حدیث اخلاق کی

جامع ہے۔ (مراۃ المناجیح، 29/1)

✍راشد علی عطاری مدنی
ایم فل ریسرچ اسکالر
ڈائریکٹر: ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ انٹرنیشنل
https://wa.me/923126392663

ایجوکیشن فیلڈ، تحقیق وتصنیف، مقالہ نگاری، ایم فل اور پی ایچ ڈی والوں کے لیے خاص تحفہ

معلم و مربی اعظم، آخری نبی، محمد عربی ﷺ کے تربیت و تفہیم کے 212 سے زائد اسالیب وطُرق پر مشتمل پہلی جامع وضخیم تصنیف (متن حدیث وسیرت سے مستنبط شدہ اسالیب)

کتابِ ہذا میں الحمد للہ

تربیت وتفہیم کے 212 ایسے انداز اور طریقے، احادیث کریمہ اور سیرتِ طیّبہ سے مستنبط کیے گئے ہیں جو پہلے کسی بھی کتاب میں یکجا نہیں، جبکہ اکثر ایسے کہ پہلے کبھی نہ لکھے گئے۔

الحمد لله على ذلك

کتاب کے ابواب اور خاصیات

- تعلیم وتعلم کے فروغ کے نبوی اہتمامات ﷺ
- رسول اللہ ﷺ کی تربیت وتفہیم کے ثمرات ونتائج
- رسول اللہ ﷺ کے جامع اسالیبِ تربیت وتفہیم
- رسول اللہ ﷺ کے متفرق اسالیبِ تربیت وتفہیم
- رسول اللہ ﷺ کا سوالیہ اسلوبِ تربیت وتفہیم
- رسول اللہ ﷺ کے جوابی اسالیبِ تربیت وتفہیم
- حسنِ معاشرت کے 100 نبوی اصول
- سیرت النبی ﷺ پر لکھنے کے مجوزہ عناوین

کتاب کے ساتھ ان شاء اللہ

- سیرت نگاری کی تحقیقی وتصنیفی تربیت پر مشتمل 12 اہم ترین کورسز کی ویڈیوز کے لنکس فری
- سیرت النبی ﷺ پر ہزاروں کتب ومقالات اور تحقیقات کے لنکس اور ویب سائٹس
- سیرت النبی پر بیانات کرنے اور سیرت کورسز کروانے والوں کے لیے انتہائی نایاب سرمایہ
- سیرت کے موضوعات پر ایم فل اور پی ایچ ڈی کرنے والوں کے لیے 1500 سے زائد تحقیقی عنوانات

قیمت مع ہوم ڈیلیوری
صرف 600 روپے

بکنگ کے لیے کتاب لکھ کر واٹس اپ کیجیے

+92312-6392663

ھادی ریسرچ انسٹیٹیوٹ انٹرنیشنل